تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

جہاد میں خواتین کا کردار مع صمصام الاسلام

مؤلف : مولانا محمد صدیق ارکانی۔ صفحات : ۳۱۰ قیمت : درج نہیں۔
ناشر : شعبہ نشرو اشاعت حرکۃ الجہاد الاسلامی اراکان برما

ملنے کا پتہ : اسلامی کتب خانہ نزد جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی (وغیرہ)

اگر تاریخ عالم کا بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہر میدان میں خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام میں مصروف رہی ہیں، بلکہ زیادہ گہرائی میں جانے سے معلوم ہوتا ہے کہ مردوں کے کارناموں کے پیچھے کسی نہ کسی خاتون کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اس کتاب میں ان جانباز اور بہادر خواتین کا تذکرہ کیا گیا جنہوں نے اپنے تدبر اور ثابت قدمی سے حالات کا رُخ بدل دیا اور بہادری و دلیری سے میدان کارزار کا نقشہ تبدیل کردیا۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلم خواتین نے اپنے ننگ و ناموس کی حفاظت کیخاطر جسمانی اور اخلاقی شجاعت کے کتنے ہی جوہر دکھاتے اور اپنی عزت و عفت کو داؤ پر لگانے کے بجائے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ایسی خواتین سے تاریخ کے صفحات روشن ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مؤلف نے تقریباً ۷۰ نڈر اور بہادر صحابیات کا تذکرہ کیا ہے۔ ۲۵ سے زائد شجاعت و بسالت کی پیکر خواتین اور ۱۵ سے زائد غیر مسلم خواتین کی بہادری کی داستانیں رقم کی ہیں اسی لحاظ سے گویا یہ کتاب اپنے موضوع پر انتہائی جامع اور مستند کتاب ہونے کے ساتھ ساتھ ایک تاریخی دستاویز بھی ہے۔ کتاب کے آخر میں جہاد کے متعلق ایک اہم رسالہ صمصام الاسلام کا اضافہ کیا گیا ہے جس میں اہم سوالات کے مفصل جوابات دئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سیرت سلطان ٹیپو شہیدؒ۔ مؤلف : محمد الیاس ندوی صاحب۔ قیمت : درج نہیں۔
ناشر : مجلس نشریات اسلام، ا۔کے ۳ ناظم آباد مینشن ناظم آباد نمبر ا، کراچی نمبر ۱۸

"گیدڑ کی صد سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے"۔ اس شہرہ آفاق اور